سوال

(108) مستحق کو بتائے بغیر زکوۃ دینا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کسی مستحق کو بتائے بغیر زکوۃ دینا کیسا ہے یا بتانا ضروری ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کسی مستحق کو بتائے بغیر بھی زکوۃ دی جا سکتی ہے ،اس کےلئے بتانا ضروری نہیں ہے۔مالکیہ تو بتانے کو مکروہ قرار دیتے ہیں۔ اصح قول کے مطابق زکوۃ لینے والے کو اس بات کا علم ہونا شرط نہیں ہے کہ یہ زکوۃ ہے، بلکہ صرف دینے والے کی نیت زکوۃ کی ہونا کافی ہے۔

ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ

جلد01